© rasailojaraid.com

مولانا قاری فیوض الرحمٰن ایم۔اے

قسط ۳

# تذکرہ اساتذہ دار العلوم

## حضرت مولانا فضل مولیٰ صاحب مدظلہٗ ساکن چیر آزاد قبائل، ملحقہ ہزارہ

**ولادت** | آپ ۱۹۳۲ء میں موضع "چیر" علاقہ جبغزئی آزاد قبائل ملحقہ ہزارہ میں جناب زرداد صاحب صدیقی کے ہاں پیدا ہوئے۔

**ابتدائی تعلیم** | آپ نے ابتدائی تعلیم "جدبا" کے مولانا ریحان الدین صاحب اور "بلکوٹ" کے مولانا مظفر حسین صاحب سے حاصل کی۔ پھر "سنگی" کے مولانا عمر شاہ صاحب سے بھی استفادہ کیا۔

**دار العلوم اسلامیہ سوات میں** | پھر آپ دار العلوم اسلامیہ سوات میں پہنچے تو وہاں کے صدر مدرس اور شیخ الحدیث حضرت مولانا نادر بہادر المعروف بہ "نارنگ ملا" سے شرح عقائد، خیالی، حمد اللہ، قاضی مبارک، امور عامہ، جلالین، مشکوٰۃ، ترمذی اور بخاری شریف پڑھیں، حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب مرحوم نائب صدر مدرس سے مطول اور مسلم شریف و بخاری شریف جلد ۲، مولانا رحیم اللہ صاحب سے شرح عقائد، میبذی اور مرزا قطبی، مولانا فضل حق صاحب کوہستانی سے میر زاہد اور ملا جلال، مولانا عبد اللہ صاحب کوہستانی سے السبع المعلقات، مولانا بالا گی صاحب سے تصریح، شرح چغمینی اور ابو داؤد شریف اور مولانا لطافت الرحمٰن صاحب سواتی سے ترمذی جلد ۲ پڑھیں۔ ۱۳۸۴ھ میں اسی مدرسہ میں دورۂ حدیث پڑھ کر سند فراغت حاصل کی۔

**دار العلوم حقانیہ میں تدریس کا آغاز** | فراغت کے بعد دار العلوم حقانیہ میں تدریس پر مامور ہوئے، ۱۹۶۵ء سے لیکر اب تک اسی دار العلوم میں نہایت محنت و جانفشانی کے ساتھ تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ تفسیر ۱۹۶۹ء میں حضرت الاستاذ حافظ الحدیث مولانا محمد عبد اللہ صاحب درخواستی

© rasailojaraid.com